اور قرب و محبت کے سلسلہ میں صوفیاء کے اقوال مناسب تشریح کے ساتھ درج ہیں۔ آخر میں متصوفین کے مخصوص کلمات و اشارات کی وضاحت اور ان کے عجیب و غریب احوال کا ذکر ملتا ہے جو بظاہر ناممکن اور محال نظر آتے ہیں۔

کتبِ تصوف کی اشاعت اس لحاظ سے ایک مستحسن کام ہے کہ ان کا مطالعہ انسان کو صفاتِ حسنہ سے متصف ہونے میں مدد دیتا ہے۔ . . . . اڑھائی سو صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت ۵ اروپے زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

مسلمان قومیں | تالیف: جناب آباد شاہ پوری صاحب۔ ناشر: ایوانِ ادب، چوک اُردو بازار لاہور قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۲ روپے سستا ایڈیشن ایک روپیہ ۲۵ پیسے۔

اس معلومات افزا اور فکر انگیز کتاب کے مصنف جناب آباد شاہ پوری صاحب علمی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں علم نافع کے ساتھ سلامتی فکر اور دل بیدار بھی عطا کیا ہے، اس لیے ان کی تحریریں اپنے دامن میں نہ صرف بیش قیمت معلومات کا ذخیرہ سمیٹے ہوئے ہوتی ہیں بلکہ خلوص اور دلسوزی کے ساتھ حالات کا نہایت اچھا تجزیہ بھی پیش کرتی ہیں۔ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں فاضل مصنف نے روسی سامراج کے ظلم و استبداد کی شکار مسلم ریاستوں کی المناک داستان بیان کی ہے۔ دوسرے حصے میں چینی مسلمانوں پر چینی سامراج کی "کرم فرمائیوں" کا تذکرہ درج ہے۔ تیسرے حصے میں فاضل مصنف نے "پس چہ باید کرد" کے عنوان کے تحت مسلمانوں کو "سرخ سویرے" کے خطرات سے آگاہ کیا ہے۔ ہم اس کتاب کے مطالعہ کی پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

کتاب کا معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

مسلمانوں کے تہذیبی کارنامے | تالیف: مولوی نور احمد صاحب۔ ترجمہ و تحشیہ: جناب رحمٰن مذنب، شائع کردہ: فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور۔ قیمت ۹۶۵۰ روپے۔ صفحات: ۲۹۶۔

"مسلمانوں کے تہذیبی کارنامے" بنگال کے نامور مسلمان عالم اور محقق جناب مولوی نور احمد صاحب کی مشہور تصنیف GLORIES OF ISLAM کا اُردو ترجمہ ہے۔ اس کتاب میں فاضل

مصنف نے اسلام کے تہذیبی کردار کا بڑے علمی انداز میں جائزہ لیا ہے اور بتایا ہے کہ اس وقت جب اہلِ یورپ اندھیرے میں بھٹک رہے تھے، مسلمانوں نے علم کی قندیلیں روشن کیں۔ تہذیب کو چار چاند لگائے اور عقل کو اس کی صحیح حدود سے آشنا کرکے بامِ عروج تک پہنچایا۔ یورپ میں آج علم و ہنر کی جو روشنی ہے وہ سب ان صحرا نشینوں کی کوششوں کی رہینِ منت ہے۔

زیرِ تبصرہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں مسلمانوں کے علمی اور فنی کارناموں، خصوصاً سائنس، فلسفہ، ادب، ریاضی، زراعت، باغبانی، تجارت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ دوسرے حصے میں اسلامی تعلیمات کے عملی پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ چنانچہ اس حصے میں اس طرح کے موضوعات زیرِ بحث آتے ہیں: اسلام اور مذہبی رواداری، حقوقِ انسانی اور اسلام، اسلام اور جمہوریت، اسلام اور بین الاقوامیت۔ تیسرے حصے میں احیاءِ اسلام کے امکانات اور اس کے روشن مستقبل کے بارے میں اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔

فاضل مترجم جناب رحمان مذنب اردو کے معروف ادیب ہیں۔ انہوں نے اس علمی کتاب کو بڑے سلیقے کے ساتھ اردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ انہوں نے اپنے اس فرض کی انجام دہی میں جس احساسِ ذمہ داری کا ثبوت دیا ہے اس کا اندازہ اُن حواشی سے لگایا جا سکتا ہے جو انہوں نے مختلف مقامات کی وضاحت اور صراحت میں لکھے ہیں۔ معلوم نہیں مترجم اسلام اور مصوری اور اسلام اور موسیقی پر نوٹ لکھنا کیوں بھول گئے ہیں۔

معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔ قیمت کچھ زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

شرح بالِ جبریل | تالیف پروفیسر سید محمد عبدالرشید فاضل ایم۔ اے، صدر شعبۂ فارسی اردو کالج کراچی
ناشر: ادارۂ تنویراتِ علم و ادب، کراچی۔ صفحات ۴۴۸ قیمت سفید کاغذ مجلد: دس روپے۔ نیوز پرنٹ مجلد: سات روپے۔

زیرِ تبصرہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے علامہ اقبالؒ کے لازوال شعری مجموعے بالِ جبریل کی شرح ہے۔ کتاب کے آغاز میں فاضل مصنف نے کلامِ اقبال کے محاسن اور اس کے پیغام کے بارے میں ایک مختصر سا مقدمہ بھی تحریر کیا ہے۔